اخبار الجامعہ

ترتیب نثار اللہ نثار

ختم بخاری شریف وجلسہ دستار بندی:

17 جولائی 2008ء کو جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان کا سالانہ جلسہ دستار بندی منعقد ہوا۔ جس میں صوبائی سطح پر چیدہ چیدہ اہل علم اور با آثر اشخاص نے شرکت کی اور تمام حضرات نے جامعہ کی کاوشوں کو سراہا۔

امسال 91 فضلائے کرام درس نظامی، شعبہ حفظ وتجوید اور شعبہ تخصص کے فضلائے کرام سمیت دستار بندی ہوئی۔

مقالہ تخصص کا علمی مناقشہ:

جامعہ کے فارغ التحصیل طلباء مولوی محمد اسلام بنوں اور مولوی عبدالرحمٰن نے دو/2 سالہ افتاء کورس کی تکمیل پر 250 صفحات پر مشتمل مقالہ زیر کئے تھے۔ ان سے زبانی سوال وجواب کے مناظر لوگوں کے سامنے ہوئے۔

رمضان المبارک اور عید الفطر کے موقع پر اہل خیر حضرات ودیگر فلاحی اداروں کے معاونت وسرپرستی سے 350 عدد یتیم بچوں اور بچیوں میں اوسطاً ہر یتیم کو -/5500 روپے سکالرشپ (وظیفہ) تقسیم کیا گیا۔

حسب معمول موسم سرما آمد کے ساتھ ساتھ موسم سرما کے کپڑے، جوتے اور بنیان بروقت خرید کر ایتام میں تقسیم کئے گئے۔

ایتام میں پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لئے چالیس 40 روزہ پر مشتمل فنی کورسز کا انعقاد کیا گیا، جس میں کمپیوٹر، الیکٹریشن، ٹیلرنگ، جلد سازی اور خطاطی/ پینٹری کے کورسز ایتام نے بہت کچھ سیکھ کر عملی زندگی میں اپنے لئے مفید پایا۔

ایتام اور ان کی کنبہ کے لئے خصوصی میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں مفت چیک آپ، دوائیاں اور مختلف بیماریوں کی مختلف ٹیسٹ کیے گئے۔ علاوہ ازیں معاشرے سے بوجھ کم کرنے کے لئے نئے 500 عدد ایتام کی ممکنہ کفالت کے لئے رجسٹریشن کی گئی۔

تعلیمی سال کا آغاز:

المرکز الاسلامی کی تعلیمی سال کا آغاز 22 اکتوبر 2008ء بروز بدھ جبکہ داخلے 11 اکتوبر سے 19 اکتوبر تک جاری رہے گی۔

داخلہ امتحان میں کامیابی پر موقوف ہوگا۔ امتحان 20 اکتوبر 2008ء بروز پیر صبح 8 بجے ہوگا۔

داخلے کے خواہشمند حضرات اپنی تمام کوائف تعلیمی اسناد سابقہ وفاق المدارس العربیہ کے کشف الدرجات ہمراہ لانا ضروری ہے۔

حسب سابق درجہ تخصص فی الفقہ والافتاء میں بھی داخلے جاری ہیں۔ شرکاء کو ماہنامہ وظیفہ اعزازی کتب اور دیگر سہولتیں میسر کئے جائینگے۔

......☆☆☆☆☆......